Prime Minister’s participation in the 14th BRICS Summit

June 21, 2022

14ویں برکس سربراہی اجلاس میں وزیراعظم کی شرکت

21 جون، 2022

چینی صدر شی جن پنگ کی دعوت پر، وزیراعظم جناب نریندر مودی 23-24 جون 2022 کو چین کی میزبانی میں ورچوئل طریقے پر منعقد ہونے والی 14 ویں برکس سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اس کانفرنس کے دوران میزبان ممالک کے ساتھ عالمی ترقی کے موضوع پر ایک اعلیٰ سطحی مذاکرہ بھی 24 جون کو منعقد کیا جائے گا ۔

2۔ برکس نے ایک ایسے پلیٹ فارم کی شکل ا ختیار کرلی ہے جہاں ترقی پذیر ممالک اپنے مشترک مفادات کے امور پر تبادلہ خیال اور غور وخوض کرتے ہیں۔ برکس کے رکن ممالک ہمیشہ کثیر فریقی نظام میں اصلاح کے لئے آواز اٹھاتے رہے ہیں تاکہ اسے زیادہ سے زیادہ نمائندگی کرنے والا اور شمولیت والا بنایا جاسکے ۔

3۔ 14ویں برکس سربراہ کانفرنس کے دوران مختلف شعبوں میں آپسی تعاون کے موضوع پر تبادلۂ خیال کئے جانے کی توقع ہے۔ ان شعبہ جات میں انسداد دہشت گردی، تجارت، صحت، روایتی طریقہ علاج، ماحولیات، سا ئنس اور ٹکنالوجی اور اختراع، زراعت، تکنیکی اور پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت اور بہت چھوٹی، چھوٹی اور اوسط درجہ کی صنعتیں شامل ہیں ۔ اس کانفرنس میں دیگر موضوعات کے ساتھ ساتھ، کثیر جہتی نظام کی اصلاح، کووڈ-19 عالمی وبا کے خلاف جنگ اور عالمی معیشت کی بحالی جیسے موضوعات پر بھی تبادلۂ خیال کئے جانے کا امکان ہے ۔

4۔ اس کانفرنس سے قبل، وزیراعظم اپنے ریکارڈ شدہ کلیدی خطبہ کے ذریعہ 22 جون 2022 کو برکس بزنس فورم کی افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔

نئی دہلی

21 جون، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.